## کراچی اور ممبئی میں جلد از جلد قونصل خانہ دوبارہ کھولا جائے، الطاف حسین

## پاکستان اور بھارت کے درمیان دوستانہ تعلقات قیام امن اور عوام کی ترقی وخوشحالی کیلئے ناگزیر ہیں

## دونوں ممالک بھوک، افلاس، غربت، بے روزگاری کے خاتمہ اور ساؤتھ ایشیا ریجن میں قیام امن کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں

## بھارتی وزیر خارجہ پرناب مکھر جی کی پاکستان آمد کا خیر مقدم

لندن۔۔۔21، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان دوستانہ تعلقات خطہ میں قیام امن اور دونوں ممالک کے عوام کی ترقی اور خوشحالی کیلئے ناگزیر ہیں۔انہوں نے پاکستان اور بھارت کی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ دونوں ممالک کے شہریوں کو پاکستان اور بھارت آنے کیلئے ویزوں کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں اوراس مقصد کیلئے کراچی اور ممبئی میں جلد از جلد قونصل خانہ دوبارہ کھولا جائے۔لندن سے جاری ہونے والے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ بھارت سمیت تمام ہمسایہ ممالک سے آبرومندانہ اور دوستانہ تعلقات کا قیام ایم کیوایم کے منشور کا حصہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم چاہتی ہے کہ پاکستان اور بھارت کے درمیان بہتر تعلقات قائم ہوں اور دونوں ممالک اسلحہ کی دوڑ میں ایک دوسرے سے سبقت حاصل کرنے کے بجائے اپنے اپنے ممالک سے بھوک، افلاس، غربت، بے روزگاری کے خاتمہ اور دونوں ممالک ساؤتھ ایشیا ریجن میں قیام امن کیلئے مشترکہ جدوجہد کریں۔جناب الطاف حسین نے بھارتی وزیر خارجہ پرناب مکھر جی کی پاکستان آمد کا خیر مقدم کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ یہ دورہ پاکستان اور بھارت درمیان برادرانہ تعلقات اور ساؤتھ ایشیا ریجن میں قیام امن کیلئے بہتر آغاز ثابت ہو۔انہوں نے مطالبہ کیا کہ کراچی اور ممبئی میں جلد از جلد قونصل خانہ دوبارہ کھولا جائے اور دونوں ممالک کے شہریوں کو پاکستان اور بھارت آنے کیلئے ویزوں کی بہتر سہولیات فراہم کی جائیں۔

## رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین، مختلف علمائے کرام، سائٹ ٹاؤن کے ناظم، جماعت اسلامی، جے یو آئی، اے این پی کے ناظم ونائب ناظم اور کونسلر نے مقامی اسپتال جاکر رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی عیادت کی

کراچی۔۔۔21، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے انچارج انور عالم کی طبیعت تیزی سے بہتر ہورہی ہے تاہم ڈاکٹرز نے انہیں مکمل آرام کا مشورہ دیا ہے، انور عالم پر گزشتہ چندروز قبل فالج کا خطرناک اٹیک ہوا تھا جس کے بعد انہیں کراچی کے مقامی اسپتال کے انتہائی نگہداشت کے شعبہ میں داخل کرادیا گیا تھا منگل کے روز رویت ہلال کمیٹی کے چیئرمین مولانا مفتی منیب الرحمٰن، علامہ سید محمد عون نقوی، علامہ اکرام حسّن ترمزی، علامہ جعفر رضا نقوی، علامہ سجاد شبیر رضوی، علامہ مولانا محی الدین چشتی ظہوری، مولانا محمد اقبال ساجد، سائٹ ٹاؤن کے حق پرست ناظم اظہارالدین احمد خان، نائب ناظم سائٹ ٹاؤن بادشاہ خان، جمعیت علماء اسلام کراچی کے رہنماء وسابق نائب ناظم سائٹ ٹاؤن مولانا مفتی خالد، جے یو آئی سے تعلق رکھنے والے یوسی 7 نائب ناظم سلیم انجینئر، جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والے یوسی 5 کے ناظم کلیم، عوامی نیشنل پارٹی سے تعلق رکھنے والے کونسلر لال درویش، جماعت اسلامی سے تعلق رکھنے والے ہارون آباد کے کونسلر ایاز خان اور ایم کیوایم علماء کمیٹی کے ارکان اور پی پی اوسی کے ذمہ داران سمیت دیگر افراد نے انور عالم کی عیادت کی اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے خصوصی دعائیں کیں۔

## ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔21، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ خواتین لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کی شہید کارکن محترمہ فریدہ کی والدہ محترمہ زیب النساء، ایم کیوایم قصبہ علی گڑھ سیکٹر یونٹ 130 کے کارکن سید ساجد حسین کے والد سید عبدالواحد اور ایم کیوایم ناظم آباد گلبہار سیکٹر یونٹ 182 کے کارکن تنویر میاں کے بھائی حاجی راشد کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## حیدرآباد زون سیکٹر آئی کے انچارج راشد صدیقی کو نظم وضبط کی خلاف ورزی پر 3 ماہ کیلئے معطل کردیا گیا
## سیکٹر ای یونٹ 15 بی کے جوائنٹ یونٹ انچارج اصغیر ندیم سمیت یونٹ کمیٹی کے اراکین اور کارکنان کی غیر معینہ مدت کیلئے معطلی

کراچی۔۔۔21، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر آئی کے سیکٹر انچارج راشد صدیقی ولد محمود صدیقی کو تنظیمی پر تنظیمی عہدے سے سبکدوش کرتے ہوئے 3 ماہ کیلئے معطل کردیا ہے۔اسی طرح رابطہ کمیٹی نے حیدرآباد زون سیکٹر ای یونٹ 15 بی کے جوائنٹ یونٹ انچارج اصغر ندیم عرف اجو ولد افتخار، یونٹ کمیٹی کے رکن منصور حسین ولد فضل حسین، یونٹ کمیٹی کے رکن نوید مغل ولد منظور مغل، کارکن شاہد قریشی ولد حاجی رفیق، کارکن پرویز صدیق عرف کاشف ولد محمد وسیم کو تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر تنظیم کی رکنیت سے غیر معینہ مدت کیلئے معطل کردیا ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ  مذکورہ افراد سے کوئی رابطہ نہ رکھیں اور تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کریں۔

## آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی گرفتاریوں کو سلسلہ بند کرایا جائے، طاہر کھوکھر اور آرگنائزنگ کمیٹی متحدہ قومی موومنٹ کا مطالبہ

مظفرآباد۔۔۔21، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے آزاد کشمیر کے آرگنائزر طاہر کھوکھر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے ارکان نے ضلع نیلم میں ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنوں کی گرفتاریوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کا انقلابی فکر وفلسفہ کو آزاد کشمیر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں بھی زبردست پذیرائی مل رہی ہے اور وہ بڑی تعداد میں ایم کیوایم کی حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر تحریک کا حصہ بن رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے کارکنان کی بلاجواز گرفتاریاں دراصل آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کی سیاسی سرگرمیوں پر غیر اعلانیہ پابندی کے مترادف ہیں۔انہوں نے کہا کہ جمہوری نظام میں ہر جماعت کو آزادی کے ساتھ اپنا نظریہ، مشن، مقصد اور کاز عوام تک پہچانے کا حق حاصل ہے لیکن آزاد کشمیر حکومت نے ایم کیوایم کے انقلابی فکر وفلسفہ کی کشمیریوں میں پذیرائی پر جس ردعمل کا اظہار کیا ہے وہ قابل مذمت ہے اور جمہوری اصولوں کے سریحاً خلاف ہے۔انہوں  نے صدر پاکستان پرویز مشرف اور وزیر اعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ آزاد کشمیر میں ایم کیوایم کے کارکنوں کی گرفتاریوں کا سلسلہ فی الفور بند کرایا جائے اور گرفتار شدگان کو رہا کرایا جائے۔

☆☆☆☆☆